## FiCTION: بچوں کے دانتوں کی بھرائی: مطلوب ہے یا نہیں؟

## بچوں کے دانتوں کی بہترین دیکھ بھال سے متعلق ایک مطالعہ

### والدین کا معلوماتی پرچہ

ہم آپ اور آپ کے بچے کو ایک اہم تحقیقی پروجیکٹ میں شرکت کی دعوت دے رہے ہیں۔ قبل اس کے کہ آپ شرکت کرنے یا شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کریں ہمارے لئے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ آپ اس بات کو سمجھتے ہیں کہ ہم اسے کیوں انجام دے رہے ہیں اور اس میں کیا کچھ شامل ہوگا، لہٰذا ہم آپ کو درج ذیل معلومات فراہم کر رہے ہیں۔ اس کو بغور پڑھیں اور بلا جھجک اس پر اپنے کنبہ اور احباب سے بات چیت کریں۔ آپ کو فوراً کوئی فیصلہ کرنا ضروری نہیں ہے۔ آپ کے بچہ / کی بچی کے لئے ایک علیحدہ معلوماتی پرچہ ہے تاکہ آپ شرکت سے متعلق مل جل کر فیصلہ کر سکیں۔

***مطالعہ کس چیز سے متعلق ہے؟***

یہ مطالعہ اس بارے میں ہے کہ بچوں کے ان دانتوں کی دیکھ بھال کیسے کی جائے جو سڑ چکے ہیں (خراب ہوگئے ہیں)۔ دانتوں کے ڈاکٹر اکثر سوراخ کرکے (بچوں کے) دودھ کے ان دانتوں کی بھرائی کرتے ہیں جو سڑ چکے ہیں۔ تاہم، یہ کوئی واحد طریقہ نہیں ہے جس کے ذریعہ وہ سڑے ہوئے دانتوں کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ یہ مطالعہ ان تین مختلف طریقوں کا موازنہ کرے گا جو دانتوں کے ڈاکٹر سڑے ہوئے دانتوں کی حفاظت کے لئے استعمال کرتے ہیں تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ کون سا طریقہ سب سے زیادہ کارگر ہے۔ دانتوں کے ڈاکٹر ان طریقوں کا پہلے ہی سے استعمال کر رہے ہیں مگر کسی نے یہ جاننے کے لئے کوئی مطالعہ نہیں کیا ہے کہ ان میں سے کون سا طریقہ بچوں کے لئے بہترین ہے۔

***علاج کے یہ تین طریقے کیا ہیں؟***

علاج کے وہ تین طریقے جن کا ہم مطالعہ کر رہے ہیں، درج ذیل ہیں:

1. **روک تھام کے ساتھ، سڑن کا روایتی بندوبست**

اسے عام طور پر 'سوراخ کرکے بھرائی کرنے' کے بطور جانا جاتا ہے۔

2. **روک تھام کے ساتھ، سڑن کا بائیولوجیکل بندوبست**

سڑن کو منہ کے راستہ بھرائی کرکے یا کوئی دھاتی ٹوپ لگا کر بند کر دیا جاتا ہے: کسی انجیکشن کی حاجت نہیں ہوتی۔

3. **کوئی بھرائی نہیں، صرف روک تھام**

بھرائی کا استعمال کیے بغیر دانت کے سڑن کی رفتار دھیمی کرنا اور سڑے ہوئے دانت کو مزید خراب ہونے سے روکنا عین ممکن ہے۔ جن طریقوں سے ہم دانتوں کو مزید خراب ہونے سے روک سکتے ہیں ان میں دانتوں کو باقاعدہ برش سے صاف کرنا اور اپنے کھانے پینے کی عادات کو بدلنا شامل ہیں۔ دانتوں کے ڈاکٹر کسی فلورائڈ ورنش سے پینٹ بھی کر سکتے ہیں یا دانتوں پر کوئی حفاظتی کوٹنگ بھی چڑھا سکتے ہیں، اور 10 سال سے زائد عمر کے بچوں کے لئے زیادہ فلورائڈ والا ٹوتھ پیسٹ تجویز کیا جا سکتا ہے۔

***کیا میں یہ انتخاب کرسکتا ہوں کہ میرے بچے / بچی کو ان تینوں علاجوں میں سے کون سا ملے گا؟***

آپ یا آپ کے دانت کے ڈاکٹر کے لئے اس علاج کو منتخب کرنا ممکن نہیں ہے جو آپ کے بچے / بچی کو حاصل ہوگا کیوں کہ ہمیں مختلف طریقوں کا موازنہ مساوی طور پر کرنا ہے۔ ہم لوگوں کو گروپوں میں **بے ترتیب** رکھ کر یہ کام انجام دیتے ہیں۔ اس طرح شرکت کرنے والے ہر شخص کے پاس تینوں میں سے کوئی بھی علاج حاصل کرنے کا یکساں امکان ہوتا ہے۔ ہم زیرِ استعمال بے ترتیب علاج کے طریقہ کو منتخب کرنے کے لئے کمپیوٹر کے ایک پروگرام کا استعمال کرتے ہیں۔

***آپ نے میرے بچے / بچی سے شرکت کی درخواست کیوں کی ہے؟***

ہم یہ معلومات ان سبھی بچوں کے والدین کو ارسال کر رہے ہیں جن کی عمر 3 تا 7 سال ہے، اور جو دانت کے ڈاکٹر کے یہاں جانچ کرانے والے ہیں۔

***کیا ہمارے لئے شرکت کرنا لازمی ہے؟***

نہیں، شرکت کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ مکمل طور پر آپ اور آپ کے بچے / بچی کی مرضی پر منحصر ہے، اور آپ کا بچہ / بچی بہترین ممکنہ نگہداشت حاصل کرتا رہے گا / گی۔

اگر آپ اور آپ کا بچہ / بچی شرکت کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ سے ایک منظوری فارم پر دستخط کرنے کو کہا جائے گا۔ آپ کی اجازت لے کر، آپ کے بچے / بچی سے بھی ان کی مرضی معلوم کی جائے گی کہ آیا وہ شرکت کرنا چاہتے / چاہتی ہیں۔ اگر آپ بعد میں اپنا ارادہ بدل دیتے ہیں تو کوئی برا نہیں مانے گا۔ اگر آپ اپنے بچے / بچی کو مطالعہ سے خارج کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے پاس **دو** اختیارات ہوں گے۔ آپ **(i)** یکبارگی دستبردار ہو سکتے ہیں، یا **(ii)** اگر چاہیں تو علاج کا طریقہ بدلوا سکتے ہیں۔

آپ اپنے دانت کے ڈاکٹر یا اپنی تحقیقی ٹیم سے رابطہ کرکے کبھی بھی مطالعہ سے دستبردار ہو سکتے ہیں (رابطہ کی تفصیلات اس دستاویز کے آخر میں فراہم کر دی گئی ہیں)۔ اس کے بعد آپ اپنے دانت کے ڈاکٹر کے ساتھ حسبِ منصوبہ دانت کا علاج جاری رکھیں گے۔ اس وقت تک جمع شدہ آپ کے ڈیٹا کو ہم ہنوز محفوظ رکھیں گے سوائے اس کے کہ آپ رسمی طور پر اپنی منظوری واپس لے کر ایسا نہ کرنے کی خصوصی درخواست کریں۔ اگر آپ اپنی منظوری واپس لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ہم اپنے پاس جمع تمام ڈیٹا کو ضائع کر دیں گے اور اس کے بعد سے آپ سے جمع کردہ کسی بھی گمنام ڈیٹا کو ان تجزیوں میں شامل نہیں کیا جائے گا جنہیں ہم اس مطالعہ کے حصّہ کے طور پر انجام دیں گے۔

**اگر میں اپنے بچے / بچی کی شرکت کے لئے رضا مند ہوں تو کیا ہوگا؟**

آپ کو اپنے دستخط کردہ منظوری فارم کی ایک نقل اور یہ معلوماتی پرچہ اپنے پاس رکھنے کے لئے دیا جائے گا۔

پہلی ملاقات میں آپ اور آپ کے بچے کو ایک مختصر سوالنامہ اور متابعت کے لئے ملاقات کا ایک وقت دیا جائے گا۔ اس کے بعد علاج کا طریقہ (جس کی تشریح اوپر گزر چکی ہے) بلا ترتیب منتخب کیا جائے گا اور پھر آپ کے دانت کا ڈاکٹر تقریباً 3 سالوں تک اس طریقے سے ان کے دانت کی دیکھ بھال کرے گا۔ جس وقت بھی آپ کا بچہ / بچی دانت کے ڈاکٹر سے ملاقات کرے گا / گی ، آپ کے بچے / بچی کو ایک مختصر سوالنامہ مکمل کرنا ہوگا۔ مطالعہ کے شروع میں اور پھر اس کے بعد ہر سال، ہم آپ سے بھی آپ کے بچے / بچی اور ان کے دانت سے متعلق کچھ سوالنامے مکمل کرنے کی درخواست کریں گے۔ اگر انگریزی آپ کی پہلی زبان نہیں ہے تو آپ دانت کے ڈاکٹر کے پاس جانے کے لئے کسی دوست یا کنبہ کے کسی فرد کو ساتھ لے سکتے ہیں۔

***مطالعہ کے اختتام پر کیا ہوگا؟***

مطالعہ کے اختتام پر آپ کے دانتوں کا ڈاکٹر آپ کے دانتوں کی معمول کی نگہداشت پھر سے شروع کردے گا۔ اگر یہ پتہ چلتا ہے کہ کوئی بھی مطالعاتی علاج معیاری نگہداشت سے بہتر ہیں تو آپ کے دانت کا ڈاکٹر آپ کو مطلع کرے گا تاکہ آپ علاج کی تبدیلی پر بات چیت کر سکیں۔

***کیا شرکت کرنے میں کوئی خطرات ہیں؟***

ہم اس مطالعہ میں جن علاجوں کی جانچ کر رہے ہیں ان میں کوئی بھی نیا نہیں ہے۔ وہ سب کے سب محفوظ ہیں اور بہت سارے دانتوں کے ڈاکٹروں کے ذریعہ پہلے ہی سے زیر استعمال ہیں۔ دانتوں کے کسی بھی علاج کی طرح، اگر کوئی تکلیف یا پریشانی ہوتی ہے تو آپ کو اپنے دانت کے ڈاکٹر سے بات کرنی چاہئے۔

***آزمائشی مطالعہ کے نتائج کا کیا ہوگا؟***

مطالعہ کے تمام ڈیٹا گمنام ہیں – اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اور آپ کے بچے / بچی کی ذاتی تفصیلات ظاہر نہیں ہوتی ہیں۔

آزمائشی مطالعہ کے نتائج کو ہم ایک رپورٹ کی صورت میں اس مطالعہ کے لئے سرمایہ فراہم کرنے والی تنظیم: نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار ہیلتھ ریسرچ ہیلتھ ٹکنالوجی اسیسمنٹ (NIHR HTA) پروگرام (http://www.ncchta.org) کو واپس بھیج دیں گے۔

آپ مطالعہ کے نتائج مطالعہ ختم ہونے کے بعد مطالعاتی ٹیم سے رابطہ کرکے یا مطالعہ سے متعلق ویب سائٹ: www.fictiontrial.info پر جاکر معلوم کر سکتے ہیں۔

***کیا کسی اور کو بھی پتہ ہوگا کہ میرا بچہ / میری بچی مطالعہ میں شریک ہے؟***

ہم آپ اور آپ کے بچ/ بچی کی تفصیلات اور مطالعہ کی معلومات کو خفیہ رکھیں گے۔ صرف تحقیق کاروں اور آپ کی طبی نگہداشت میں شامل شخص کو ہی پتہ ہوگا کہ آپ مطالعہ میں شریک ہیں۔

***کیا میرا GP اس بات سے باخبر ہوگا کہ میں مطالعہ میں شرکت کر رہا ہوں؟***

ہاں، اگر آپ راضی ہوں تو ہم آپ کے GP کو دینے کے لئے آپ کو ایک خط دیں گے جس میں مطالعہ کی وضاحت ہوگی۔

***اس مطالعہ کا اہتمام اور اس کے لئے سرمایہ کون فراہم کر رہا ہے؟***

اس مطالعہ کے لئے NIHR ہیلتھ ٹکنالوجی اسیسمنٹ (HTA) پروگرام (http://www.ncchta.org) نے سرمایہ فراہم کیا ہے۔

***اگر کچھ غلط ہوجاتا ہے تب کیا ہوگا؟***

آپ کے بچے / بچی کو ضرر پہنچنے کے خطرات بہت معمولی ہیں۔ غیر متوقع صورت میں، اگر کچھ غلط ہوجاتا ہے تو معاوضے کا کوئی خصوصی بندوبست نہیں ہے، لیکن آپ کو شکایت درج کروانے اور اس کے نتیجہ میں یونیورسٹی آف ڈنڈی کے توسط سے کوئی معاوضہ طلب کرنے کا حق حاصل ہے۔

***اس مطالعہ پر نظر ثانی کس نے کی ہے؟***

ایسٹ آف اسکاٹ لینڈ کی تحقیق سے متعلق اخلاقیاتی کمیٹی 2 (Research Ethics Committee REC 2) نے، جو ٹیسائڈ میں انسانوں پر کی جانے والی طبی تحقیق کے لئے تمام تجاویز کی چھان بین کرنے کی ذمہ دار ہے، اس تجویز کا معائنہ کیا ہے اور طبی اخلاقیات کی رو سے کوئی اعتراض ظاہر نہیں کیا ہے۔ ضروری ہے کہ اس تحقیق میں آپ کے ریکارڈز، کسی متعلقہ ریکارڈز کے ساتھ، NHS Tayside کے نگرانوں اور دیگر شرکت کنندہ NHS Trusts کے ذریعہ چھان بین کے لئے مہیا کرائے جائیں جن کی یہ ذمہ داری اس

بات کی جانچ کرنا ہے کہ تحقیق کو درست طور پر انجام دیا جاتا ہے اور شرکت کنندگان کے مفادات کی مناسب طریقے سے حفاظت کی جاتی ہے۔

***اگر میرے پاس مزید کوئی سوالات ہوں تو؟***

اگر آپ کے پاس کوئی سوال ہے تو آپ اپنے دانت کے ڈاکٹر سے ملاقات ہونے پر پوچھ سکتے ہیں یا جین کلارکسن سے 01382 635963 پر براہِ راست بات کرسکتے ہیں۔

ہم اس معلوماتی پرچے کو پڑھنے کا وقت نکالنے اور اس مطالعہ میں شرکت پر غور کرنے کے لئے آپ کے شکر گزار ہیں۔